No.UHS/M&P-24/318
Dated: 17.01.2024

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

پرائیویٹ میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کی دوسری سلیکشن لسٹ میں داخل ہونے والے امیدواروں کے لیے اہم اطلاع

(1) پنجاب کے پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس پروگرامز میں داخلوں کی دوسری سلیکشن لسٹ 15 جنوری 2024ء کو جاری کی جا چکی ہے۔

(2) اپنی ترجیح اور میرٹ کے مطابق کسی کالج میں نام آجانے پر امیدوار کو اس کالج کی فیس جمع کروانے کے بعد متعلقہ کالج میں تحریری جوائننگ دینا ہوگی۔ دوسری سلیکشن لسٹ میں اپ گریڈ ہونے والے امیدواران کیلئے بھی اپنے نئے کالج میں مقررہ تاریخ تک جوائننگ دینا لازمی ہے۔ البتہ ان کی فیس پچھلے کالج سے ٹرانسفر ہوگی۔

(3) اگر امیدوار نے اپنے آن لائن ایڈمیشن فارم کی پروگرام ترجیح (Program Preference) میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس دونوں پروگراموں کو سلیکٹ کیا ہوا ہے لیکن ترجیح ایم بی بی ایس کو دی ہوئی ہے اور دوسری سلیکشن لسٹ میں اس کا نام بی ڈی ایس میں آ گیا ہے تو اسے اپنی سیٹ محفوظ کرنے کے لیے متعلقہ ڈینٹل کالج میں فیس جمع کروا کر وہاں جوائننگ دینا ہوگی۔ **کالج میں جوائننگ کے وقت اپ گریڈیشن کیلئے اقرار نامہ (Undertaking) دینے کی صورت میں امیدوار کا ایم بی بی ایس میں داخلے کے لیے بھی حق محفوظ رہے گا اور آئندہ لگنے والی اپ گریڈیشن لسٹ میں اس کا نام کسی میڈیکل کالج میں آنے کا امکان باقی رہے گا۔**

(4) وہ امیدوار جن کی پہلی ترجیح ایم بی بی ایس تھی تاہم میرٹ کم ہونے کے باعث وہ فی الحال بی ڈی

ایس میں داخل ہوئے ہیں اور وہ امیدوار بی ڈی ایس کی فیس بھی جمع نہیں کروانا چاہتے کیونکہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگلی سلیکشن لسٹوں میں ان کا نام ایم بی بی ایس میں آ سکتا ہے، ایسے امیدوار یونیورسٹی میں **19 جنوری 2024**ء تک ایک بیان حلفی (Affidavit) جمع کروا سکتے ہیں کہ وہ اپنی مرضی سے بی ڈی ایس کا داخلہ چھوڑنا چاہتے ہیں اور یہ کہ وہ ایم بی بی ایس کی لسٹ میں نام آنے کا انتظار کریں گے۔ **یہ بات ذہن نشین رہے کہ بیان حلفی جمع کروانے کے بعد امیدوار کا بی ڈی ایس میں داخلے کا حق ختم ہو جائے گا۔**

(5) اس طرح وہ امیدوار جو اپنی پہلی ترجیح پر ایم بی بی ایس میں داخل تو ہو گئے ہیں تاہم میڈیکل کالج خواہش کے مطابق نہ ملنے پر اب وہ کسی ڈینٹل کالج میں داخلہ چاہتے ہیں وہ بھی یونیورسٹی میں **19 جنوری 2024**ء تک بیان حلفی (Affidavit) جمع کروا کر تیسری یا بعد کی سلیکشن لسٹوں میں بی ڈی ایس میں نام آنے کا انتظار کر سکتے ہیں۔ **اس صورت میں امیدوار کا ایم بی بی ایس کا حق ختم ہو جائے گا۔**

(6) **یہ بات ذہن نشین رہے کہ پیراگراف 4 اور 5 کے مطابق پروگرام کی ترجیح تبدیل کرنے کا حق امیدوار کو صرف ایک مرتبہ ہی دیا جائے گا۔**

ایڈمیشن ٹیم

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، لاہور